# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

## Text of Urdu news Bulletin

**Date : 16 August 2026**

**Time : 12:30 / PM**

### Opening

آداب
یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں مسرت شاہ

پی ایم مودی

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت توانائی کی اپنی ضرورتوں کو پورا کرنے کیلئے انتھک کام کر رہا ہے اور ملک اس منزل پر کھڑا ہے جہاں وہ اپنے سارے وسائل کا بھرپور استعمال کرنے سے گریز نہیں کرے گا۔ یوم آزادی کے موقعے پر کل نئی دلی کے لال قلعے کی فصیل سے قوم سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ توانائی کی یقینی فراہمی موجودہ دور کی بڑی ضروریات میں سے ایک ہے۔

-----------(مودی)-----

مفت کوچنگ

وزیر اعظم نریندر مودی نے غریب اور متوسط طبقے کے طلبا کو مسابقتی امتحانات کی تیاری کی غرض سے مفت آن لائن کوچنگ فراہم کرنے کا اعلان کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس اقدام سے معیاری تعلیم تک ان کی رسائی آسان ہوگی اور ایسے کنبوں پر مالی بوجھ کم ہوگا۔ وزیر اعظم نے آئندہ ایک سال میں ایک کروڑ نوجوانوں کو مصنوعی ذہانت کے شعبے میں تربیت دینے کا بھی اعلان کیا۔ اس کے علاوہ انہوں نے کہا کہ پانچ سے **15** سال عمر کے بچوں کیلئے ملک گیر ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام شروع کیا جائے گا۔

ریزرویشن

اسی دوران وزیر اعظم نریندر مودی نے تمام سیاسی جماعتوں سے اپیل کی ہے کہ پارلیمنٹ اور ریاستی اسمبلیوں میں خواتین کیلئے **33** فیصد ریزرویشن کے نفاذ کو سیاسی معاملہ بنائے بغیر اس کی حمایت کریں۔

پی ایم شکریہ

وزیراعظم نریندر مودی نے یوم آزادی کے موقعے پر بھارت کو مبارکباد دینے والے عالمی رہنماوں کا شکریہ ادا کیا ہے۔ان میں فرانس،سلواکیہ،اسرائیل اور مالدیپ کے صدور شامل ہیں۔نیپال کے وزیراعظم کے تہنیتی پیغام کے جواب میں وزیراعظم مودی نے دونوں ملکوں کے دیرینہ تہذیبی تعلقات کا مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کیا۔انہوں نے یوم آزادی کی مبارکباد کیلئے بھوٹان کے وزیراعظم کا بھی شکریہ ادا کیا۔

واجپائی

قوم آج سابق وزیراعظم اٹل بہاری واجپائی کو ان کی برسی پر خراج پیش کر رہی ہے۔صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن اور وزیراعظم نریندر مودی نے نئی دلی میں ان کی یادگار سدیو اٹل پر انہیں گلہائے عقیدت پیش کئے۔اس موقعہ پر لوک سبھا سپیکر اوم برلا، وزیر داخلہ امت شاہ سمیت متعدد مرکزی وزرا اور اہم شخصیات بھی موجود تھیں۔

ایل جی

لیفٹیننٹ گورنر نے کہا ہے کہ جموں کشمیر میں دائمی امن کے قیام اور ترقی و خوشحالی کو یقینی بنانے کیلئے ہر کسی کو اپنا کردار ادا کرنا چاہیئے۔ایل جی نے یوم آزادی کے موقعے پر کل لوک بھون سرینگر میں ایک پُر وقار تقریب کے دوران ان خیالات کا اظہار کیا۔انہوں نے ملک کی آزادی کی جدوجہد میں اپنی جانیں نچھاور کرنے والوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔تقریب میں لوک بھون میں تعینات سیکورٹی فورسز کے اہلکاروں اور دیگر عملے نے بھی شرکت کی۔

ایٹ ہوم

وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے کل شام شیر کشمیر انٹرنیشنل کنونشن سینٹر سرینگر میں یوم آزادی کے موقعے پر 'ایٹ ہوم' استقبالیہ دیا۔لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا، سابق وزیراعلیٰ ڈاکٹر فاروق عبداللہ، اسمبلی سپیکر عبدالرحیم راتھر، وزرا، ارکان پارلیمان و اسمبلی، اعلیٰ سول و پولیس افسران اور سول سوسائٹی کے نمائندوں سمیت متعدد شخصیات دعوت میں شریک ہوئے۔وزیراعلیٰ نے مہمانوں سے ملاقات کی اور انہیں یوم آزادی کی مبارکباد پیش کی۔

جاوید رانا

قبائلی امور کے وزیر جاوید احمد رانا نے پونچھ کے قاضی مُہرا اور جھلاس علاقوں میں عوام سے ملاقات کر کے علاقے میں آئے حالیہ سیلاب اور مٹی کے تودے گرنے کے بعد پیدا شدہ مسائل کا جائزہ لیا۔قاضی مہرا میں لوگوں نے سیلاب سے سڑکوں ،آبی نظام اور دیگر بنیادی ڈھانچے کو پہنچے نقصان کی فوری بھرپائی کا وزیر سے مطالبہ کیا۔

اسلحہ

ضلع پونچھ کے بغلیہار علاقے میں سیکورٹی فورسز نے ایک مشتبہ ٹھکانے پر چھاپہ مار کر اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکہ خیز مواد برآمد کیا ہے۔ آکاشوانی جموں کے نمائندے کے مطابق فوج کی **16** راشٹریہ رائفلز اور جموں کشمیر پولیس کے سپیشل آپریشنز گروپ نے علاقے میں مشترکہ تلاشی کاروائی انجام دی۔ کاروائی کے دوران **6** بارودی سرنگیں، ایک **AK-47** رائفل اور **7** کارتوس برآمد کیے۔ فوج نے اس کارروائی کو اہم کامیابی قرار دیا ہے۔

ڈائریکٹر ہارٹیکلچر

ڈائریکٹر ہارٹیکلچر کشمیر وکاس آنند نے اسمبلی ممبر زینہ پورہ شوکت احمد گنائی اور چیف ہارٹیکلچر آفیسر شوپیان کے ہمراہ شوپیان کے ژالہ باری سے متاثرہ مختلف علاقوں کا دورہ کیا۔ انہوں نے ضلع کے کاپرن، پڑسو، کانجی اُلر، پری پورہ، من دھجن اور پندوشن سمیت دیگر علاقوں میں متاثرہ باغات کا معائینہ کیا۔ ڈائریکٹر موصوف نے باغ مالکان سے بات چیت کر کے انہیں ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ انہوں متعلقہ افسران کو فصلوں کے نقصان کا تخمینہ کے حوالے سے رپورٹ جلد تیار کرنے اور باغ مالکان کو فصلوں کے بہتر انتظام کیلئے ضروری رہنمائی فراہم کرنے ہدایت دی۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ